**Series ONS**

**SET-4**

**Code No. 30**

**Roll No.** | | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- Please check that this question paper contains **8** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **11** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# اُردو (الیکٹیو)

# URDU (Elective)

وقت : ۳ گھنٹے

کل نمبر : ۱۰۰

*Time allowed : **3** hours*

*Maximum Marks : **100***

1. درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 10

’’رات کتنی گزر چکی تھی اب کچھ یاد نہیں۔ صرف اتنا یاد ہے ہم عبداللہ پور (جمنا نگر) کے اسٹیشن پر اترے تھے۔ پلیٹ فارم پر لگی ہوئی مٹی کے تیل کی لالٹینیں اجالا کرنے کی پوری کوشش کر رہی تھیں۔ اس کے باوجود بھی گرد و پیش پر اندھیرا غالب تھا۔ میرے پاس ایک ٹین کا صندوق تھا جس کی بناوٹ ایسی تھی جیسے جسم پر آبلے پڑ جاتے ہیں۔ جگہ جگہ اٹھا ہوا تھا۔ ابّا نے وہ صندوق میرے سر پر رکھ دیا اور باقی سامان خود اٹھا لیا۔ میرے والد امامت کا پیشہ کرتے تھے۔ انھوں نے مذہبی تعلیم سہارنپور میں حاصل کی تھی۔ بہت اچھے قاری تھے۔ انھیں دیہات بہت پسند تھے۔ ان دیہاتوں کا اور میرا ذہنی تعلق ہے۔ میں بچپن سے اکیلا ہوں۔ والدہ جب اپنے میکے چلی جاتی تھیں، میں والد کے پاس رہتا تھا۔ میری تعلیم کا ہرج نہ ہو اس خیال سے وہ مجھے امّاں کے ساتھ نہیں جانے دیتے تھے۔‘‘

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کا نام کیا ہے ؟

(ii) پلیٹ فارم کس اسٹیشن کا تھا اور وہاں روشنی کا کیا انتظام تھا ؟

(iii) صندوق کی بناوٹ کیسی تھی ؟

(iv) مصنف نے اپنے والد کے متعلق کیا بتایا ہے ؟

(v) مصنف نے بچپن سے خود کو اکیلا کیوں قرار دیا ہے ؟

**یا**

’’خوجی کی وہ خصوصیت جو اسے زوال آمادہ جاگیردارانہ تمدن کا خاص کردار بناتی ہے، اس کا جذبہ وفاداری ہے۔ جب وہ نواب صاحب کے یہاں تھا تو ان کا نمک خوار ہونے کی حیثیت سے ان کی صحبت کا دم بھرتا تھا۔ اور جب یہی وفاداری آزاد کی طرف منتقل ہوگئی تو وہ ان کے لیے اپنی جان کو مصیبتوں میں ڈالنے کے لیے آمادہ دکھائی دیتا تھا۔ جب نواب صاحب کا بٹیر صف شکن علی شاہ گم ہو گیا، اس وقت آزاد نے بھی بٹیر کو ڈھونڈ نکالنے کا وعدہ کیا۔ خوجی نواب صاحب کی وفاداری میں آزاد پر اعتبار نہیں کرنا چاہتا۔ شاید نواب کو جُل دے جائیں اور بٹیر کے ساتھ ان کا غم بھی نواب کو لگ جائے۔ پھر جب آزاد کے ساتھ اس کی وفاداری اور محبت کی آزمائش کا وقت آتا ہے تو اسے آزاد کی بھی

خواہی سے کام ہے۔ وہ آزاد کو ایسی نصیحتیں کرتا ہے جو صرف ایک خیر خواہ ہی کر سکتا ہے۔ جیسا کہ ابھی کہا گیا، اس کی زندگی میں کسی قسم کی بناوٹ نہیں معلوم ہوتی اور اگر ہے تو اتنی گہری ہے کہ وہ اس کی فطرت کا جزو بن گئی ہے جسے کسی وقت اس کی ذات سے علاحدہ نہیں کیا جا سکتا۔''

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کا مصنف کون ہے ؟

(ii) مصنف کے مطابق خوجی نے کن افراد کے ساتھ وفاداری نبھائی ؟

(iii) نواب صاحب کا بٹیر گم ہو جانے کی صورت میں خوجی کا ردعمل کیا تھا ؟

(iv) آزاد کے ساتھ وفاداری کی آزمائش کا وقت آیا تو خوجی نے کیا کیا ؟

(v) وہ کون سی خوبی ہے جو خوجی کی فطرت کا جزو بن گئی ہے ؟

**2.** درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب سو (100) الفاظ میں لکھیے۔ **5**

(i) بلونت سنگھ کے افسانے ''لمحے'' کا مرکزی خیال لکھیے۔

(ii) انشائیے کی تعریف لکھیے اور اردو کے پانچ اہم انشائیہ نگاروں کے نام لکھیے۔

**3.** درج ذیل میں سے کسی دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ **10**

(i) ڈاکٹر خالص نے 'غالب جدید شعرا کی ایک مجلس میں' میں جدید شاعری کی کیا خصوصیات بتائی ہیں ؟

(ii) اپنے ماضی کے بارے میں رام لعل نے جو باتیں کہی ہیں، انھیں اپنے الفاظ میں لکھیے۔

(iii) افسانہ ''میں وہ'' کے اس جملے کی وضاحت کیجیے کہ ' اب موت نہیں ، زندگی مایوس کرتی ہے۔'

(iv) خورشید الاسلام نے ناول نگاری کی کن ذمہ داریوں کو بیان کیا ہے ؟

**4.** درجہ ذیل میں سے کسی ایک شعری حصے کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے ۔ **10**

اب بھاگتے ہیں سایۂ عشقِ بتاں سے ہم
کچھ دل سے ہیں ڈرے ہوئے ، کچھ آسماں سے ہم

اب شوق سے بگاڑ کی باتیں کیا کرو
کچھ پا گئے ہیں آپ کی طرزِ بیاں سے ہم

دلکش ہر ایک قطعۂ صحرا ہے راہ میں
ملتے ہیں جا کے دیکھیے کب کارواں سے ہم

لذّت ترے کلام میں آئی کہاں سے یہ
پوچھیں گے جا کے حالؔی جادو بیاں سے ہم

(i) درج بالا اشعار کس شاعر کی غزل سے لیے گئے ہیں ؟

(ii) شاعر دل اور آسماں سے کیوں ڈرا ہوا ہے ؟

(iii) شاعر نے بگاڑ کی باتیں کرنے کی اجازت کس لیے دی ہے ؟

(iv) راستے کا ہر ایک قطعہ دلکش ہونے کی وجہ سے کیا مسئلہ پیدا ہو گیا ہے ؟

(v) شاعر اپنے آپ سے کیا بات پوچھنے کا ارادہ رکھتا ہے ؟

**یا**

کھول آنکھ، زمیں دیکھ، فلک دیکھ، فضا دیکھ    مشرق سے ابھرتے ہوئے سورج کو ذرا دیکھ
اس جلوۂ بے پردہ کو پردوں میں چھپا دیکھ    ایّامِ جدائی کے ستم دیکھ، جفا دیکھ
بے تاب نہ ہو، معرکۂ بیم و رجا دیکھ
ہیں تیرے تصرف میں یہ بادل یہ گھٹائیں    یہ گنبدِ افلاک، یہ خاموش فضائیں
یہ کوہ، یہ صحرا، یہ سمندر، یہ ہوائیں    تھیں پیشِ نظر کل تک تو فرشتوں کی ادائیں
آئینۂ ایام میں آج اپنی ادا دیکھ

(i) درج بالا بند کس نظم سے لیے گئے ہیں ؟ اور اس کے شاعر کا نام کیا ہے ؟

(ii) شاعر نے انسان کو کون کون سی چیزیں دیکھنے کی نصیحت کی ہے ؟

(iii) 'ایّامِ جدائی کے ستم دیکھ' میں شاعر کس سے جدا ہونے کی بات کر رہا ہے ؟

(iv) شاعر کے مطابق انسان کے تصرف میں کیا کیا چیزیں ہیں ؟

(v) کل تک فرشتوں کی ادائیں پیش نظر ہونے سے کیا مراد ہے ؟

**5.** درج ذیل میں سے کسی ایک کا جواب سو (100) الفاظ میں لکھیے۔ 5

(i) نظم طباطبائی کی نظم ''گورِ غریباں'' کا مرکزی خیال لکھیے۔

(ii) ناصر کاظمی کی غزل کی خصوصیات لکھیے۔

**.6** درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ **10**

(i) راجندر منچند ابانی نے اپنی غزل کے ایک شعر میں خود کو ''حادثہ'' کیوں کہا ہے ؟

(ii) ن۔م۔راشد نے اپنی نظم ''زندگی سے ڈرتے ہو'' میں کیا پیغام دیا ہے ؟

(iii) ''ملک بے سحر و شام'' میں اپنی صبحوں کو شاعر کیوں یاد کرتا ہے ؟

(iv) صنعتِ تضاد کسے کہتے ہیں ؟ آرزو لکھنوی کی غزل کے چند مصرعوں سے اس کی مثال پیش کیجیے۔

**.7** درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب سو (100) الفاظ میں لکھیے۔ **4**

(i) ڈرامہ ''یہودی کی لڑکی'' کے اہم کرداروں کے بارے میں اپنی رائے لکھیے۔

(ii) ویکوم محمد بشیر کے افسانے کا عنوان ''جنم دن'' کیوں رکھا گیا ہے ؟

**.8** درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ **6**

(i) چیرویا کوف کی موت کا سبب کیا تھا ؟

(ii) پطرس بخاری کو موٹر دیکھ کر کیا خیال آیا ؟

(iii) افسانے ''جلتی جھاڑی'' میں بوڑھے مچھوارے کی تصویر کشی کس طرح کی گئی ہے ؟

(iv) ناول ''بیوہ'' کا مرکزی خیال اپنے الفاظ میں لکھیے۔

**9.** درج ذیل میں سے کسی دو سوالوں کے جواب تفصیل سے لکھیے ۔ **20**

(i) اردو زبان کے آغاز و ارتقا پر ایک مضمون لکھیے ۔

(ii) دبستانِ دہلی اور دبستانِ لکھنو کی امتیازی خصوصیات بیان کیجیے۔

(iii) ترقی پسند تحریک کی ادبی خدمات تحریر کیجیے۔

(iv) میر انیس کی شاعری کی خصوصیات تفصیل سے لکھیے ۔

**10.** درج ذیل میں سے صرف تین سوالوں کے جواب لکھیے ۔ **15**

(i) غالب کے خطوط کی اہمیت پر ایک نوٹ لکھیے ۔

(ii) نظم کی تعریف لکھیے اور اس کی قسموں کے نام لکھیے ۔

(iii) قرۃ العین حیدر کی افسانہ نگاری کی خصوصیات لکھیے ۔

(iv) فورٹ ولیم کالج کے قیام کے اسباب لکھیے ۔

**11.** مندرج ذیل سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھیے ۔ **5**

(i) اس صنف کا کیا نام ہے جس میں اپنی زندگی کا حال بیان کیا جاتا ہے ؟

(a) سوانح

(b) آپ بیتی

(c) سفرنامہ

(ii) میر انیس اردو میں کس صنف کے لیے زیادہ مشہور ہیں ؟

(a) غزل

(b) مرثیہ

(c) سوانح

(iii) پریم چند کے ناول گئودان کا اہم کردار کون سا ہے ؟

(a) ہوری

(b) امراؤ جان

(c) خوجی

(iv) پلاٹ، کردار، مکالمہ ادب کی کس صنف کے اجزائے ترکیبی ہیں ؟

(a) انشائیہ

(b) افسانہ

(c) رپورتاژ

(v) 'غالب جدید شعرا کی مجلس میں' کے مصنف کا کیا نام ہے ؟

(a) کنھیا لال کپور

(b) خواجہ حسن نظامی

(c) پطرس بخاری